Australian Government
Department of Human Services

عائلی اور گھریلو تشدد۔ اب کہنے کا وقت آ گیا ہے کہ بس، بہت ہو گیا۔

عائلی اور گھریلو تشدد قابل قبول نہیں ہے۔

عائلی اور گھریلو تشدد سے مراد ایسا رویہ ہے جس سے کسی شخص کو خوف میں مبتلا کیا جاسکتا ہے۔

اس میں یہ شامل ہو سکتا ہے:

- جسمانی، زبانی، جذباتی، جنسی یا نفسیاتی بدسلوکی کرنا
- نظرانداز کرنا
- معاشی بدسلوکی
- تعاقب کرنا
- کسی کو قابو میں رکھنا
- کسی شخص، جانور یا املاک کو نقصان پہنچانا
- روحانی یا تہذیبی شرکت سے روکنا، اور
- بچوں کو ان رویّوں سے آشکار کرنا۔

تمام لوگ عائلی اور گھریلو تشدّد سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ - یہ تشدد مندرجہ ذیل سمیت ہر طرح کے رشتوں پر اثرانداز ہو سکتا ہے:

- جنس یا جنسی کشش سے قطع نظر پرانے یا موجودہ رشتے
- رشتہ دار اور سرپرست
- بوڑھے افراد، معذور یا بیمار افراد کی دیکھ بھال کرنے والے افراد، اور
- تہذیبی طور پر تسلیم شدہ فیملی گروپ۔

ایسا ہو سکتا ہے کہ عائلی اور گھریلو تشدد کا شکار ہونے والے لوگ اپنے لیے اور اپنے گھر والوں کیلئے خوف کے ساتھ زندگی گزارتے رہیں۔ ایسا اس وقت بھی ہوسکتا ہے جب کہ وہ پرتشدد رشتے سے الگ ہو چکے ہوں۔

مدد

اگر آپ یا آپ کا کوئي جاننے والا اس سے متاثر ہے تو ہم آپ کو کمیونٹی میں موجود خدمات سے جوڑ سکتے ہیں جن میں اسپیشلسٹس، ہنگامی رہائش، زیادہ عرصے کی رہائش اور قانونی امداد شامل ہے۔

ہم یہ بھی چیک کر سکتے ہیں کہ آیا آپ ہماری رقوم اور خدمات لینے کے اہل ہیں، جن میں یہ شامل ہیں:

- آمدنی میں مدد کے لئے رقوم
- Crisis Payment (مشکل حالات سے نبردآزما ہونے کے لئے رقوم)
- ملازمت کی تلاش سے استثناء
- چائلڈ اسپورٹ لینا
- سماجی خدمات۔

ہمارے پاس مفت زبانی اور تحریری مترجم موجود ہیں۔ جو ہم سے آپ کی زبان میں بات کرتے ہیں:

- Centrelink کی ادائیگیوں اور خدمات کے بارے میں بات کرنے کے لئے **131 202** پر کال کریں، یا
- Medicare اور Child Support ادائیگیوں اور خدمات کے بارے میں بات کرنے کے لئے Translating and Interpreting Service (TIS National) کو **131 450** پر کال کریں۔

آپ انٹرنیٹ پر **humanservices.gov.au/enough** ویب سائٹ بھی دیکھ سکتے ہیں یا پھر سروس سنٹر میں بذات خود جاسکتے ہیں۔

مزید معلومات

ایک *Family Safety Pack* انگریزی اور کئی دوسری زبانوں میں دستیاب ہے۔ اس میں عائلی اور گھریلو تشدد، جنسی زیادتی، جبری شادی اور پارٹنر ویزوں کے بارے میں آسٹریلیا کے قوانین سے متعلق معلومات موجود ہیں۔
dss.gov.au/familysafetypack دیکھیں۔

کئی طرح کی سماجی مدد کی خدمات بھی دستیاب ہیں، بشمول ان کے:

- **1800RESPECT**
  1800 737 732 پر کال کریں – زبانی ترجمے کی سہولتیں دستیاب ہیں – یا پھر **1800RESPECT.org.au** دیکھیں۔
  1800RESPECT عائلی تشدد اور جنسی زیادتی کے سلسلے میں ماہرانہ مشورہ فراہم کرنے والی ایک ملک گیر سروس ہے۔ یہ سروس مفت اور رازدارانہ ہے۔ دن کے 24 گھنٹے اور ہفتے کے ساتوں دن دستیاب ہے۔

- **Family Relationship Advice Line**
  1800 050 321پر کال کریں یا **familyrelationships.gov.au** دیکھیں۔
  Family Relationship Advice Line علیحدگی کے بعد خاندانی رشتوں میں مسائل اور بچوں کی پرورش کے انتظامات کے سلسلے میں معلومات اور مشورہ فراہم کرتی ہے۔ اس سروس کی ویب سائیٹ پر ترجمہ شدہ معلومات دستیاب ہیں اور یہ آپ کو ایسے مقامی اداروں کے پاس ریفر کر سکتی ہے جو آپ کی مدد کر سکیں۔
  پیر تا جمعہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک دستیاب اور ہفتے کے روز صبح 10بجے سے شام 4 بجے تک دستیاب ہے (عوامی تعطیلات پر بند)۔

- **MensLine Australia**
  1300 789 978 پر کال کریں یا صرف انگریزی میں معلومات کے لئے **mensline.org.au** دیکھیں۔
  MensLine Australia مردوں کے لئے فون پر اور آن لائن مدد، معلومات اور ریفرل سروس فراہم کرتی ہے۔ یہ ان افراد کو خصوصی مدد فراہم کرتی ہے جو عائلی اور گھریلو تشدد کرتے ہیں یا اس کا شکار ہوتے ہیں۔
  دن کے 24 گھنٹے اور ہفتے کے ساتوں دن دستیاب ہے۔

- **Financial Counselling Australia**
1800 007 007 پر کال کریں یا محض انگریزی معلومات کے لئے
financialcounsellingaustralia.org.au دیکھیں۔
Financial Counselling Australia مالی مسائل کے شکار لوگوں کو مفت رازدارانہ مالی مشورہ فراہم کرتی ہے۔
یہ لوگوں کو قرض کے دائرے سے باہر نکلنے میں مدد دے سکتی ہے۔
پیر تا جمعہ صبح 9.30 سے شام 4.30 بجے تک دستیاب ہے (عوامی تعطیلات پر بند)۔ یہ نمبر خود بخود آپ کے قریب ترین سٹیٹ یا ٹیریٹری میں کسی خدمات فراہم کرنے والے ادارے سے آپ کا رابطہ کرا دے گا۔

Australian Government
Department of Human Services

Family and domestic violence. It's time to say enough.

Family and domestic violence is not acceptable.

Family and domestic violence is behaviour that can cause a person to be fearful.

It can be:

- physical, verbal, emotional, sexual or psychological abuse
- neglect
- financial abuse
- stalking
- control of someone
- harm to a person, animal or property
- stopping spiritual or cultural participation, and
- exposing children to these behaviours.

All people can experience family and domestic violence. It can happen in all types of relationships including:

- past or current relationships, it doesn't matter the gender or sexuality
- relatives and guardians
- carers of older people, people with disability or a medical condition, and
- culturally recognised family groups.

People affected by family and domestic violence may live in fear for themselves and their family. This can happen even when they've left a violent relationship.

Support

If you or someone you know is affected, we can connect you to services in the community, including specialists, emergency accommodation, housing and legal assistance.

We can also check if you are eligible for our payments and services, including:

- income support payments
- Crisis Payment
- exemptions from seeking employment
- collecting child support
- social work services.

We have free interpreters and translators. To speak to us in your language:

- call **131 202** about Centrelink payments and services, or
- the Translating and Interpreting Service (TIS National) on **131 450** about Medicare and Child Support payments and services.

You can also go to humanservices.gov.au/enough or visit a service centre.

More information

A *Family Safety Pack* is available in English and in a range of languages. It has information about Australia's laws regarding family and domestic violence, sexual assault, forced marriage and partner visas. Go to **dss.gov.au/familysafetypack**

There are also a range of community support services available, including:

- **1800RESPECT**
  Call **1800 737 732**—interpreting services are available—or go to **1800RESPECT.org.au**
  1800RESPECT is the national family violence and sexual assault counselling service. The service is free and confidential. Available 24 hours a day, seven days a week.

- **Family Relationship Advice Line**
  Call **1800 050 321** or go to **familyrelationships.gov.au**
  The Family Relationship Advice Line provides information and advice on family relationship issues and parenting arrangements after separation. It has translated information on its website and can refer you to local services that can help.
  Available 8 am to 8 pm Monday to Friday and 10 am to 4 pm Saturday (closed public holidays).

- **MensLine Australia**
  Call **1300 789 978** or go to **mensline.org.au** for English information only.
  MensLine Australia provides telephone and online support for men, information and a referral service. It also provides specialist support to those who inflict or experience family and domestic violence.
  Available 24 hours a day, seven days a week.

- **Financial Counselling Australia**
  Call **1800 007 007** or go to **financialcounsellingaustralia.org.au** for English information only.
  Financial Counselling Australia offers free confidential financial counselling for people experiencing financial problems. It can help people to get out of the cycle of debt. Available 9.30 am to 4.30 pm Monday to Friday (closed public holidays). The number will automatically direct you to a service provider in a state or territory closest to you.